سوال

نمازتراویح شروع کرنے سے قبل کچھ کلمات کا پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

1۔ نماز تراویح کے طریقے کے بارے میں ہمارے ہاں سخت اختلاف پایا جاتا ہے بعض لوگ نماز تروایح شروع کرتے ہیں تو کہتے ہیں :

صَلَاةُ الْقِيَامِ، اَثَابَكُمُ الله ''قیام کی نماز، اللہ تمہیں ثواب دے۔''

پھر دو رکعتیں پڑھ کر کھڑے ہوتے ہیں تو کہتے ہیں :

اَللّٰهم صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ''اے !ہمارے محمدﷺ پر درود اور اسلام نازل فرما۔''

یہ الفاظ امام بھی کہتا ہے اور مقتدی بھی مل کر کہتے ہیں۔ مزید دو رکعتیں پڑھنے کے بعد امام مقتدی سبھی بلند آواز سے سورۃ اخلاص اور معوذتین پڑھتے ہیں اور جب نماز تراتح سے فارغ ہوتے ہیں تو تین بار یہ سورتیں پڑھی جاتی ہیں۔ جب ہم کہتے ہیں کہ یہ طریقہ حدیث میں نہیں آیا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ اچھا کام ہے اور بدعت حسنہ ہے۔ کیا اسلام میں بدعت حسنہ ہے؟ اس کے متعلق آپ کی رائے ہے؟ اس کے متعلق آپ کی کیا رائے ہی؟ ہم یہ سنت ہماز کس طرح ادا کریں؟ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

2۔ جمعہ کے دن نماز ظہر سے پہلے لاؤڈ سپیکر میں قرآن کی تلاوت کا کیا حکم ہے' ؟ اگر کوی کہے کہ یہ حدیث میں مذکور نہیں تو کہتے ہیں ؟ تم قرآن کی تلاوت روکنا چاہتے ہو؟ اور فجر کی اذان سے کچھ پہلے لاوڈ سپیکر میں دعائیں مانگنے کے بارے میں اپ کا کیا خیال ہے ؟ اگر کہا جائے کہ اس عمل کوئی دلیل نہیں تو کہا جاتا ہے یہ اچھا کام ہے اس طرح ہم لوگوں کو فجر کی نماز کے لیے جگاتے ہیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

1۔ لوگوں کا صَلَاةُ الْقِيَامِ اَثَابَكُمُ الله کہنا اور امام کا پھر مقتدیوں کا بلند آواز سے ''اَللّٰهم صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ کہنا، دو رکعتوں کے بعد آواز سے سورۃ الاخلاص اور معوذتین پڑھنا سب خودساختہ بدعتیں ہیں اور نبیﷺ نے فرمایا :

((مَنْ أَحْدَثَ فِي أَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ))

''جس نے ہمارے اس دین میں نئی بات نکالی جو اس میں سے نہیں ہے تو وہ مردود ہے۔''

اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطبہ جمعہ میں فرمایا کرتے تھے۔

((أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّ خَيْرَ الْحَدِيثِ كِتَابُ اللهِ وَخَيْرُ الْهُدى هدى مُحَمَّدٍ وَشَرُّ الْأُمُورِ مُحْدَثَاتُهَا وَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ))

''أَمَّا بَعْدُ : سب سے اچھی بات اللہ کی کتاب ہے اور سے اچھا طریقہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا طریقہ ہے اور سب سے برے کام وہ ہیں جو نئے ایجاد کیے جائیں اور ہر بدعت گمراہی ہے۔''

یہ حدیث امام مسلم نے اپنی کتاب ''صحیح'' میں روایت کی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بدعتیں سب کی سب گمراہی ہیں جیسے کہ جناب مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اور اسلام میں کوئی ''بدعت حسنہ'' نہیں ہے۔''

2۔ ہماری معلومات کے مطابق اس بات کی کوئی دلیل نہیں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں ایسے ہوا ہو۔ نہ ہمیں کسی صحابی کے ایسے عمل کا پتہ ہے۔ اسی طرح فجر کی اذان سے پہلے لاؤڈ سپیکر پر دعائیں کرنا بھی ثابت نہیں۔ اس لیے یہ بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمان صحیح احادیث سے ثابت ہے کہ :

((مَنْ أَحْدَثَ فِي أَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ))

''جس نے ہمارے اس دین میں نئی بات نکالی (درحقیقت) جو اس میں سے نہیں ہے تو وہ مردود ہے۔''

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ